
BOOKMARK

پہلی جماعت کے لیے

# اِسلامیات



نیلما کنول

# قرآنی سورتیں

**کیا آپ کو معلوم ہے؟**

سُورۃُ الکوثر قرآن کی سب سے چھوٹی سورۃ ہے۔

## سُوْرَۃُ الْکَوْثَر

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ ۝۱ فَصَلِّ لِرَبِّکَ
وَانْحَرْ ۝۲ اِنَّ شَانِئَکَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝۳

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔
"بے شک ہم نے آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو کوثر عطا کی۔ تو آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اپنے رب کے لیے نماز پڑھیے اور قربانی کیجیے۔ بے شک آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کا دشمن ہی بے نام و نشان ہو جائے گا۔"

### قرآنی معلومات

- کوثر جنت میں بہنے والی نہر کا نام ہے۔
- نہرِ کوثر کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

"اس کے دونوں کنارے سونے کے ہیں، اس کے اندر موتی اور یاقوت ہیں، اس کا پانی شہد سے زیادہ میٹھا اور برف سے زیادہ سفید ہے۔" (ترمذی)

# نماز

مقصد: نماز کا تعارف، اس کی اہمیت اور نماز پڑھنے کے آداب بتانا۔

پیارے بچو! اللہ تعالیٰ نے ہمیں پیارے پیارے امی، ابو، بہن، بھائی دیے ہیں۔ خوبصورت پرندے، پہاڑ، دریا، سمندر، کھانے کو میٹھے میٹھے پھل اور بے شمار نعمتیں دی ہیں۔ ہمارا یہ فرض ہے کہ ان بے شمار نعمتوں کے ملنے پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کے لیے ہم نماز پڑھتے ہیں۔ نماز اللہ تعالیٰ کی عبادت کا نام ہے۔ ہر مسلمان پر دن میں پانچ وقت کی نمازیں فرض ہیں جن کے نام یہ ہیں:

۱۔ فجر ۲۔ ظہر ۳۔ عصر ۴۔ مغرب ۵۔ عشاء



# اچھی باتیں

مقصد: اخلاق و کردار کی تعمیر کرنا اور مہذب شہری بنانا۔

ایک دن دادی جان بولیں: بچّو! آج میں تم سب کو وہ اچھی اچھی باتیں بتاتی ہوں جن سے اللہ تعالیٰ خوش ہوکر انعام میں جنّت دے گا۔ بچّے بولے: دادی جان! وہ باتیں کون سی ہیں؟ دادی جان بولیں: وہ اچھی باتیں یہ ہیں:

- ہمیشہ اپنے امّی، ابّو، ٹیچر اور بڑوں کا کہنا مانو۔
- چھوٹے بھائی بہن سے پیار سے بات کرو اور اُنھیں نہ مارو۔
- کبھی بھی کسی سے چیخ کر بات نہ کرو۔
- پانی ہمیشہ بیٹھ کر، سیدھے ہاتھ سے اور تین سانس میں پیو۔
- کھانا ہمیشہ اتنا لو جتنا کھا سکو۔
- غسل خانے جاؤ تو صابن سے اچھی طرح ہاتھ دھو کر نکلو۔



سب سے پہلے پیغمبر حضرت آدم علیہ السلام تھے اور سب سے آخری پیغمبر ہمارے پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے تقریباً ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر بھیجے جن میں سے چند پیغمبروں کے نام یہ ہیں:

- حضرت موسیٰ علیہ السلام
- حضرت داؤد علیہ السلام
- حضرت عیسیٰ علیہ السلام
- حضرت نوح علیہ السلام
- حضرت ابراہیم علیہ السلام
- حضرت اسماعیل علیہ السلام

**کیا آپ کو معلوم ہے؟**

قرآن مجید میں تقریباً ستائیس (۲۷) پیغمبروں کا ذکر ہے۔

**سوچیں اور بتائیں**

پیغمبروں نے ہمیں اچھی باتیں کیوں بتائیں؟

**سرگرمی** سبق میں دیے گئے پیغمبروں کے علاوہ چار پیغمبروں کے نام ٹیچر یا والدین کی مدد سے لکھیے۔

## مشق

سوال۱: پیغمبر کا کیا مطلب ہے؟

سوال۲: اللہ تعالیٰ نے تقریباً کتنے پیغمبر بھیجے؟

**خالی جگہ پُر کریں۔**

۱۔ پیغمبر اللہ تعالیٰ کے .................... بندے تھے۔

۲۔ پیغمبروں نے ہم تک اللہ تعالیٰ کا .................... پہنچایا۔

۳۔ سب سے پہلے پیغمبر حضرت .................... علیہ السلام تھے۔

۴۔ سب سے آخری پیغمبر ہمارے پیارے نبی حضرت .................... صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔

**ہدایات** پیغمبروں کے دنیا میں آنے کا مقصد بچوں کو آسان الفاظ میں سمجھائیں یعنی اللہ تعالیٰ نے لوگوں کو اچھی باتیں بتانے کے لیے پیغمبروں کو بھیجا۔ پیغمبروں کی خصوصیات بھی بتائیں مثلاً پیغمبر اللہ تعالیٰ کے خاص، معصوم اور گناہوں سے پاک بندے ہوتے ہیں۔

# حضرت آدم علیہ السلام

مقصد: اللہ تعالیٰ کے سب سے پہلے پیغمبر اور سب سے پہلے انسان کا تعارف بیان کرنا۔

پیارے بچو! حضرت آدم علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے سب سے پہلے پیغمبر اور دنیا کے سب سے پہلے انسان تھے۔ بی بی حوا علیہا السلام دنیا کی سب سے پہلی عورت اور حضرت آدم علیہ السلام کی بیوی تھیں۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو مٹی سے بنایا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو حکم دیا کہ وہ حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ کریں۔ تمام فرشتوں نے فوراً حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ کیا لیکن شیطان نے سجدہ کرنے سے انکار کر دیا اور بولا:

"میں آدم سے بہتر ہوں کیوں کہ میں آگ سے بنایا گیا ہوں اور آدم مٹی سے۔" (سورۃ اعراف ۱۲)

اللہ تعالیٰ نے شیطان کو جنت سے نکال دیا کیوں کہ اُس نے اللہ تعالیٰ کا حکم ماننے سے انکار کیا تھا۔



اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام اور بی بی حوا علیہا السلام کو حکم دیا کہ وہ جنت میں رہیں اور جنت کی ہر چیز استعمال کریں لیکن ایک درخت کا پھل کھانے سے سختی سے منع کیا۔ دونوں جنت میں بہت آرام سے رہنے لگے۔ اُدھر جنت سے نکالے جانے پر شیطان اُن دونوں کا دشمن بن گیا اور انھیں جنت سے نکلوانے کے منصوبے بنانے لگا۔



اسلامیات کا یہ نصابی سلسلہ ابتدائی اول (نرسری) جماعت سے آٹھویں جماعت تک کے طلبا کے لیے اپنی نوعیت کا ایک منفرد سلسلہ ہے۔ اس کتب کو ترتیب کرتے وقت طلبا کی ذہنی استعداد کو خاص طور پر ملحوظ رکھا گیا ہے۔ لہٰذا آسان اور عام فہم زبان میں اسلام کے بنیادی عقائد کو نہ صرف خوب صورت انداز میں پیش کیا گیا ہے بلکہ اس طرح کی سرگرمیاں بھی ترتیب دی گئی ہیں جو اسلامی تعلیمات کو عملی زندگی کا حصہ بنانے میں بے حد مددگار ہوں گی۔

اساتذہ کی بہترین رہنمائی کے ساتھ ساتھ طلبا کی ذہنی نشوونما کے لیے ایسی مشقیں ترتیب دی گئی ہیں جو طلبا میں غور و فکر کی عادت پیدا کرنے، اعلیٰ کردار کی تعمیر کرنے، صحت مند اسلامی معاشرے کی بنیاد ڈالنے اور معاشرتی مسائل کو حل کرنے میں ان کی معاون ثابت ہوں۔

حکومت پاکستان کی نئی تعلیمی پالیسی کو مدنظر رکھتے ہوئے ان کتابوں کا مواد قرآن و سنت کی روشنی میں مستند ذرائع استعمال کرتے ہوئے جمع کیا گیا ہے اور نصاب کو اس طرح ترتیب دیا گیا ہے کہ طلبا آگے چل کر بورڈ کے امتحانات میں بھرپور صلاحیتوں کا مظاہرہ کر سکیں۔ اس بات کی بھی کوشش کی گئی ہے کہ کتابیں مکمل طور پر جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہوں تاکہ مضمون میں طلبا کی دلچسپی مسلسل برقرار رہے۔ اس سلسلے کو مزید بہتر بنانے میں ہم اساتذہ اور والدین کی قیمتی آرا کے منتظر رہیں گے۔

Helpline
+923363-008-008

For your suggestions and feedback, write us at: info@bookmark.com.pk

Follow us on:

/BookmarkPublishing
/bookmarkpublishingpak
/infobookmark
/bookmarkpublishing
/bookmarkpublishing
www.bookmark.com.pk